آپ کو اپنی جی پی پریکٹس میں خوش آمدید!

# کریگٹن میڈیکل پریکٹس

ہم نے یہ کتابچہ خاص طور پر ان مریضوں کے لیے بنایا ہے جن کو بات چیت کے دوران مترجم یا 'ٹرانسلیشن' کی خدمات کی ضرورت ہے۔

ہماری پریکٹس دو مقامات پر واقع ہے۔

## گوون ہیلتھ سینٹر

5 ڈرموئن روڈ

گلاسگو، G51 4BJ

ٹیلی فون: 0141 882 2222

www.govanbluepractice.co.uk




## ویسٹ فیلڈ ہیلتھ سینٹر

71 ہلنگٹن روڈ ساوتھ

گلاسگو G52 2AE

ٹیلی فون: 0141 882 2222

www.westfieldmedicalpractice.co.uk




سرجری پیر - جمعہ صبح 8.30 سے شام 6.00 بجے تک کھلی ہے۔

اگر آپ کو ان اوقات کے علاوہ فوری مشورے یا طبی امداد کی ضرورت ہے تو، براہ کرم 'اوٹ اوف اور' ٹیلی فون نمبر **111** سے رابطہ کریں.

# ہماری ٹیم

## پریکٹس مینجمنٹ

**'ہیتھر رے'**، پریکٹس مینیجر، پریکٹس کو چلانے کے لئے ذمہ دار ہے۔ وہ کسی بھی مسئلے میں مدد یا پیش کردہ خدمات کے بارے میں تجاویز یا شکایات وصول کرنے کے لئے دستیاب ہے.

**'کرسٹن بین'**، اسسٹنٹ پریکٹس مینیجر، پریکٹس مینیجر کی مدد کرتی ہے اور استقبالیہ عملہ کے چلانے میں مدد کرتی ہے۔

## استقبالیہ عملہ/انتظامیہ

استقبالیہ عملہ آپ کے لئے ڈاکٹروں یا نرسوں سے ملاقات کا وقت دینے اور 'ریپیٹ' نسخے تیار کرنے مین مدد کرے گا۔ وہ ہماری فراہم کردہ خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے بارے میں مشورہ پیش کر سکتا ہے.

| گووان عملہ | ویسٹ فیلڈ عملہ |
|---|---|
| لورا (لیڈ ریسیپشنسٹ) | شرلی |
| لنڈسی | لی |
| لورا | میری-کلیئر |
| ایلین (سیکرٹری) | لین (سیکرٹری / ایڈمنسٹریٹر) |
| کیسی | |

## ڈاکٹروں کی ٹیم

ڈاکٹر آرلین ولیمس ایم- بی- سی- ایچ- بی- ایبرڈین (2011) ایم- آر- سی- جی- پی- ڈی آر- سی- او- جی-

ڈاکٹر کیٹریونا سی کارٹی ایم۔ بی۔ سی۔ ایچ۔ بی۔ ایبرڈین (2001) ایم۔آر۔ سی۔ جی۔ پی۔

ڈاکٹر جیما کرسٹی ایم۔ بی۔ سی۔ ایچ۔ بی۔ ایبرڈین (2007) ایم۔آر۔ سی۔ جی۔ پی۔

ڈاکٹر امانڈا ایف فیئرمین ایم۔ بی۔ سی۔ ایچ۔ بی۔ ایڈنبرا (2004) ڈی۔آر۔ سی۔ او۔ جی۔ ، این۔ ایم۔آر۔ سی۔ جی۔ پی۔

ڈاکٹر سٹیفنی سی کیمپبیل بی۔ ایم۔ بی۔ ایس۔ ناٹنگھم (2009) ایم۔آر۔ سی۔ جی۔ پی۔

ڈاکٹر برائن جے ملمور ایم۔ بی۔ سی۔ ایچ۔ بی۔ گلاسگو (2006) ایم۔آر۔ سی۔ جی۔ پی۔

ڈاکٹر ایڈرین سی پیٹری ایم۔ ڈی۔ بخارسٹ (1994) ایم۔آر۔ سی۔ جی۔ پی۔ ، ایم ۔سی۔ ای۔ ایم۔

ڈاکٹر نیل سی اسمتھ بی۔ ایس ۔سی۔ ایم۔ بی۔ سی۔ ایچ۔ بی۔ گلاسگو (1993) ایم۔آر۔ سی۔ جی۔ پی۔، ڈی۔آر۔ سی۔ او۔ جی۔

اس کے علاوہ ہم ہر سال ایک یا ایک سے زیادہ جی پی رجسٹرار کو پریکٹس میں شامل کرتے ہیں۔ یہ مکمل طور پر قابل ڈاکٹر ہے، جس کے پاس ہسپتال میں کام کا تجربہ ہے، جو اب جی پی کی حیثیت سے اپنی تربیت مکمل کر رہا ہے۔

## پریکٹس نرسز/ ہیلتھ کیئر سپورٹ ورکر

پریکٹس نرسیں متعدد خدمات انجام دیتی ہیں جن میں دائمی مرض میں مبتلا مریضوں کا جائزہ لینا، سروائیکل سمئیر ٹیسٹ، مانع حمل کی خدمات، ٹیلی فون مشورہ وغیرہ شامل ہیں۔ اگر آپ کو شک ہے کہ آپ کو نرس یا جی پی کو دیکھنا چاہیئے تو استقبالیہ عملہ آپ کو مشورہ دے سکتا ہے۔

سسٹر کلیلا سمپسن آر۔ جی۔ این۔ (ویسٹ فیلڈ) سسٹر کلیئر ڈیویسن آر۔ جی۔ این۔ ( ویسٹ فیلڈ/ گوون)

## ڈسٹرکٹ نرسیں 01413552180

ڈسٹرکٹ نرسیں پریکٹس کے ان مریضوں کی دیکھ بھال کرتی ہیں جو گھر چھوڑنے کے قابل نہیں ہے۔ ان سے 0141355 2180 فون کرکے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ متبادل طور پر، آپ اپنی سرجری پر ایک پیغام چھوڑ سکتے ہیں۔

**ہیلتھ ویسیٹر**

ہیلتھ ویسیٹر چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں اور مختلف مسائل پر مشورہ پیش کرسکتے ہیں. ان سے فون کے ذریعہ رابطہ کیا جاسکتا ہے یا متبادل طور پر آپ استقبالیہ عملے کے ساتھ ایک پیغام چھوڑ سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| اسٹاف نرس بینڈی ہولی | 0141 276 8812 |
| اسٹاف نرس شرلی ڈیمپسی (گوون) | 0141 531 8414 |

## کمیونٹی لنکس پریکٹیشنر ریکا ٹوٹرڈیل

کمیونٹی لنکس پریکٹیشنر کمیونٹی کے اثاثوں تک رسائی کو ممکن بنا سکتی ہے۔ رہائش، پیسے کے معاملات،بینیفٹ ، کھانے کی قمی، تنہائی/اکیلپن جیسے سماجی مسائل پر تبادلہ خیال اور مدد کرسکتی ہے۔ ملاقات کا انتظام کرنے کے لئے براہ کرم اپنے جی پی یا استقبالیہ عملے سے بات کریں۔

**فزیوتھراپسٹ جیلین کون**

فزیوتھراپسٹ پٹھوں اور جوڑوں کے درد کے ساتھ پیش آنے والے مریضوں کو براہ راست دیکھ اور مرض کی تشخیص کرسکتا ہے۔ اس کے بعد وہ مناسبا فیصلہ کرنے کے قابل ہیں جس میں اسپتال میں قائم فزیوتھراپی ڈپارٹمنٹ کو ریفر کرنا یا مزید تحقیقات کے لئے آپ کے جی پی کے ساتھ رابطہ کرنا شامل ہوسکتا ہے۔ ملاقات کا انتظام کرنے کے لئے براہ کرم اپنے جی پی یا استقبالیہ عملے سے بات کریں۔

**فارماسسٹ**

فارماسسٹ کا کردار روز مرہ ادویات کے مسائل کو حل کرنا ہے، جس میں متعدد ادویات (پولی فارمیسی) لینے والوں کو مشورہ دینا اور علاج کے بارے میں کلینیکل مشورہ دینا شامل ہے۔ اگر آپ کو اپنی ادویات کے بارے میں کوئی سوالات ہیں تو براہ کرم استقبالیہ عملے سے بات کریں۔

## آپ کی جی پی پریکٹس کے علاوہ اور کونسی طبی مدد دستیاب ہے

1 . اگر آپ کو کھانسی یا زکام ہے، یا اگر آپ کے بچے کو کوئی معمولی بیماری ہے تو آپ کا کمیونٹی فارماسسٹ آپ کی مدد کر سکتا ہے۔
2 . اگر آپ کو آنکھوں کا مسئلہ ہے تو، آپ کو آپٹومیٹرسٹ کے پاس جانا چاہیئے۔
3 . اگر آپ کو دانتوں کا مسئلہ ہے تو، آپ کو دانتوں کے ڈاکٹر کے پاس جانا چاہیئے.

4 . اگر آپ کو پاؤں کا مسئلہ ہے تو، آپ ٹیلی فون کرکے پوڈایٹری سے مشورہ کر سکتے ہیں: 0141 347 8909۔ اوپننگ ٹائم پیر - جمعہ صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک، ہفتے کو صبح 9 بجے سے دوپہر 1 بجے تک یا ای میل کے ذریعے:

AHP.Appointments@ggc.scot.nhs.uk

5 . آپ فزیوتھراپی کو بھی خود حوالہ دے سکتے ہیں:

http://www.nhsggc.org.uk/your-health/health-services/msk-physiotherapy

6 . اگر آپ کو ہسپتال کے کسی ماہر ڈاکٹر کو دیکھنے کی ضرورت ہے تو آپ کا جی پی آپ کو ریفر کر سکتا ہے۔

7 . **اگر آپ کو معمولی چوٹ لگی ہے، جیسے کٹ جس میں ٹانکے کی ضرورت یا ٹوٹی ہوئی ہڈی، براہ کرم 111 پر کال کریں اور ہماری مائنر انجریز یونٹ (ایم آئی یو) سروس کا پوچھیں۔** NHS 24 آپ کو مشورہ دے گا کہ آگے کیا کرنا ہے۔ اس میں ویڈیو یا ٹیلی فون مشاورت اور ہمارے ایم آئی یو میں ملاقات شامل ہوسکتی ہے۔

8 . 24 گھنٹے کھلا رہنے والے شعبہ حادثات اور ایمرجنسی ان جگہ واقع ہیں: • کوئین الزبتھ یونیورسٹی ہسپتال، 1345 گوون روڈ، گلاسگو جی G51 4TF - ٹیلی فون: 2811 452 0141 • گلاسگو رائل انفرمری، 84 کیسل اسٹریٹ، گلاسگو، G4 0SF - ٹیلی فون: 5608 211 0141 • انورکلائڈ رائل اسپتال، لارک فیلڈ روڈ، گرینوک، PA16 OXN - ٹیلی فون: 6195 314 0141

## رجسٹریشن

پریکٹس کے ساتھ رجسٹریشن کرنے کے لئے، آپ کو اپنے پچھلے ڈاکٹر اور پچھلے / موجودہ پتے کی تفصیلات کے ساتھ ایک فارم پر کرنے کے لئے کہا جائے گا. ایک ریسیپشنسٹ فارم بھرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ ڈاکٹر نئے مریض کو قبول کرنے سے انکار کرنے کا حق برقرار رکھتا ہے، اور اس صورت حال میں آپ کو اس کی وجوہات بیان کرے گا. **براہ کرم اس رجسٹریشن فارم میں اعلان کریں اگر آپ کو اپنی مشاورت کے دوران ترجمانی کی خدمات/انٹرپریٹر کی ضرورت ہے اور یہ بھی کہ آپ کو کس زبان کی ضرورت ہے.**

## ذاتی تفصیلات کی تبدیلی

نام، پتہ یا ٹیلی فون نمبر تبدیل ہونے کی صورت میں جلد از جلد عملے کو تحریری طور پر مطلع کیا جانا چاہیئے۔ متبادل طور پر، فارم استقبالیہ عملے کے پاس دستیاب ہیں۔

## غیر این ایچ ایس سروسز

این ایچ ایس کے تحت بہت سی جی پی خدمات مفت ہیں، لیکن غیر این ایچ ایس خدمات جیسے پرایویٹ میڈیکل سرٹیفکیٹ، انشورنس کلیم فارم اور میڈیکل رپورٹس کے لئے فیس وصول کی جاتی ہے۔ استقبالیہ عملہ اس بارے میں مشورہ دے کے سکتا ہے کہ موجودہ چارجز کیا ہیں۔

## تجاویز

ہم ہمیشہ تجاویز کے لئے شکر گزار ہیں جو پریکٹس کے چلانے کو بہتر بنا سکتی ہیں. استقبالیہ عملہ زبانی طور پر دی گئی کسی بھی تجاویز کو ریکارڈ کرنے، یا اگر آپ لکھنے کو ترجیح دیتے ہیں تو ایک فارم فراہم کر سکتے ہیں. ہم وقتاً فوقتاً مریضوں کا سروے بھی کریں گے، اور اس میں حصہ لینے والوں کے شکر گزار ہوں گے.

## شکایات

ہم امید کرتے ہیں کہ زیادہ تر مسائل اس وقت حل ہو جایں جبکہ وہ پیدا ہوں۔ البتہ ، اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو شکایت کرنے کی ضرورت ہے تو ، ہماری شکایات کے طریقہ کار کی ایک کاپی استقبالیہ سے حاصل کی جاسکتی ہے۔ شکایات ہیتھر رے (پریکٹس مینیجر) کو دی جانی چاہیئے.

## معذور رسائی

مریضوں کی تمام خدمات زمینی سطح پر فراہم کی جاتی ہیں ، اور ویسٹ فیلڈ میں مرکزی داخلہ دروازے کے قریب اور گوون میں مرکزی کمیونٹی ڈیسک کے قریب معذور ٹوائلٹ کی سہولیات دستیاب ہیں۔ جی پی سے ملاقات کی درخواست فون کے ذریعہ ، ڈیسک پر ذاتی طور پر یا آن لائن کی جاسکتی ہیں۔ معذور پارکنگ دونوں صحت مراکز میں دستیاب ہیں۔

## ڈاکٹر سے مشورہ

آپ پریکٹس میں کسی بھی ڈاکٹر سے مشورہ کرسکتے ہیں. چونکہ یہ دو سائٹ/مقامی پریکٹس ہے لہذا براہ مہربانی ذہن میں رکھیں کہ کچھ ڈاکٹر صرف گوون میں مقیم ہیں اور کچھ صرف ویسٹ فیلڈ میں۔ جب بھی ممکن ہو آپ کو اسی ڈاکٹر کو دیکھنے کی کوشش کرنی چاہیئے تاکہ دیکھ بھال کا اچھا تسلسل برقرار رہے۔

## مترجم کی خدمات

ہمارے پاس فون کی مدد سے ترجمہ کی خدمات دستیاب ہے۔ تمام معلومات کو خفیہ رکھا جاتا ہے اور اگر ضروری ہو تو مرد یا خاتون مترجم کا انتخاب ہوسکتا ہے۔ ہمارا مشورہ ہوگا کہ آپ اپنی ملاقات کی بکنگ کرتے وقت استقبالیہ کو بتائیں کہ آپ کو کس زبان کے مترجم کی ضرورت ہے۔ اس سے انہیں آپ کی ملاقات کے لئے 20 منٹ تک کا اضافی وقت مختص کرنے کی اجازت ملے گی۔ ہم آپ کو رشتہ داروں پر انحصار کرنے یا محدود انگریزی استعمال کرنے کے بجائے اس خدمت کو استعمال کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔

## ملاقاتیں/اپوینٹمنٹ

تمام سرجری مشاورت ملاقات کے ذریعہ ہیں اور پیر سے جمعہ کی صبح اور دوپہر تک دستیاب ہیں۔ سرجری کے اوقات ڈاکٹر سے ڈاکٹر مختلف ہوتے ہیں اور تعطیلات یا بیماری کی وجہ سے تبدیل ہوسکتے ہیں. ہم ہر ہفتے شام کو تین دن (پیر سے بدھ) صرف پہلے سے بکنگ شدہ جی پی اپائنٹمنٹ کے لئے 6.00 سے 6.30 بجے تک کھلے ہوتے ہیں۔ سرجری کھلے ہوے اوقات کے دوران ٹیلی فون کے ذریعے استقبالیہ سے اپوینٹمنٹ بک کی جاسکتی ہیں۔

ہم ایک ایڈوانسڈ ایکسیس پریکٹس ہیں - ہمارا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ، جہاں بھی ممکن ہو ، مریض اپنی پسند کے دن اپنی پسند کا جی پی دیکھ سکیں۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے، ہم تین قسم کی اپوینٹمنٹ دے سکتے ہیں: -

1. **اس ہی دن کی اپوینٹمنٹ** - ہماری جی پی کی زیادہ تر اپوینٹمنٹ اس ہی دن بک کی جاتی ہیں۔

2 . **پہلے سے بک کی گیی اپوینٹمنٹ** - جی پی اپوینٹمنٹ کا ایک حصہ پہلے سے بک کیا جاسکتا ہے ، کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ بہت کم نوٹس پر ملاقات میں شرکت کرنا ہمیشہ آسان نہیں ہوسکتا ۔ نرسوں کی زیادہ تر اپوینٹمنٹ پہلے بک کی جاتی ہیں۔

3 . **ٹیلی فون اپوینٹمنٹ** - کچھ مواقع ایسے ہے جن پر ، آپ ڈاکٹر یا پریکٹس نرس کے ساتھ فون پر بات کر سکتے ہیں۔ کسی چیز پر تبادلہ خیال کرنا چاہتے ہیں ، جیسے ٹیسٹ کے نتائج یا ادویات۔ پہلے سے بک شدہ وقت پر ، ڈاکٹر یا نرس آپ کو آپ کے پسند کے ٹیلی فون نمبر پر فون کرے گی۔

## اپوینٹمنٹ کو منسوخ کرنا

اگر آپ اپوینٹمنٹ پر نہیں آ سکتے تو ، براہ کرم جتنی جلدی ممکن ہو اسے منسوخ کرنے کے لئے رابطہ کریں ، کیونکہ کسی دوسرے مریض کو اس کی ضرورت ہوسکتی ہے۔

## گھر پر علاج/دورہ

یہ ان مریضوں کے لئے ہے جو گھر میں بند ہیں یا سرجری میں آنے کے لئے بہت بیمار ہیں۔ یہ گھر کے دورے ڈاکٹر کی مرضی پر ہیں. جب بھی ممکن ہو براہ کرم سرجری میں آنے کی کوشش کریں کیونکہ ڈاکٹر کے پاس یہاں زیادہ وقت اور بہتر سہولیات ہوں گی. **اگر گھر کے دورے کی ضرورت ہو تو، براہ کرم صبح 9.30 بجے سے پہلے جتنی جلدی ممکن ہو سرجری کو ٹیلی فون کریں.**

ادویات / نسخے

**ریپیٹ نسخوں کا ٹیلی فون آرڈر**-آپ دن میں 24 گھنٹے اپنی سرجری کو فون کرکے ہماری مخصوص نسخے آرڈرنگ لائن پر ایک پیغام چھوڑ کر اپنے ریپیٹ نسخے کا آرڈر دے سکتے ہیں۔ براہ کرم اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس ان تمام ریپیٹ ادویات کے نام دستیاب ہیں جن کی آپ کو ضرورت ہے۔ آپ کا نسخہ 48 گھنٹوں کے اندر دستیاب ہوگا (علاوہ کہ ہفتہ اور عوامی تعطیلات).

گووان فون 0141 882 2222، آپشن 2، آپشن 3

ویسٹ فیلڈ فون 0141 882 2222 ، آپشن 1، آپشن 3

## ری آرڈر فارم کا استعمال کرتے ہوئے نسخے کو دہرائیں

آپ کے نسخے کی دائیں طرف ایک پھاڑنے کی پرچی ہے جس میں آپ کو دی جانے والی تمام باقاعدہ ادویات کی فہرست ہے۔ دوبارہ نسخے کی درخواست کرنے کے لئے براہ کرم اس پرچی پر ضرورت کی اشیاء پر نشان لگائیں اور یا تو اسے پوسٹ کریں یا سرجری کے حوالے کریں۔ نسخہ 48 گھنٹوں کے اندر جمع کرنے کے لئے دستیاب ہوگا۔ متبادل طور پر ، اگر آپ ایک مہر والا ایڈریس لفافہ منسلک کرتے ہیں تو ، ہم آپ کو نسخہ پوسٹ کریں گے۔

## اپنی مقامی فارمیسی کے ذریعے ریپیٹ نسخے جمع کرنا

زیادہ تر فارمیسیز اب آپ کی طرف سے سرجری سے آپ کے ریپیٹ نسخے جمع کرنے کا انتظام کرسکتی ہیں۔ براہ کرم اپنے فارماسسٹ سے پوچھیں کہ کیا وہ یہ خدمت پیش کرتے ہیں اور اپنے نسخے کا آرڈر دیتے وقت عاملے سے مشورہ لیں۔

## ٹیسٹ کے نتائج

جب آپ کا کوی ٹیسٹ ہوتا ہے تو ڈاکٹر یا نرس آپ کو اندازہ دے گا کہ نتیجہ واپس آنے میں کتنا وقت لگے گا۔ اپنے نتائج حاصل کرنے کے لئے:-

**ویسٹ فیلڈ** - براہ کرم صبح 10.00 بجے کے بعد 0141 882 2222 پر فون کریں، آپشن 1، آپشن 4

**گوون** - براہ کرم صبح 10.00 بجے کے بعد 0141 882 2222 پر فون کریں، آپشن 2، آپشن 4

## مریضوں کے حقوق اور ذمہ داریاں

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کے ساتھ شائستگی، وقار اور احترام کے ساتھ برتاؤ کیا جائے۔

- یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ پریکٹس ٹیم کے ساتھ بھی اسی طرح شائستگی کا اظہار کریں۔

اگر آپ کو اپنے مقررہ وقت سے تیس منٹ سے زیادہ انتظار کرایا جائے گا تو آپ کو مطلع کرنے کا حق ہے۔

- یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ اگر آپ اپنی اپوئنٹمنٹ برقرار رکھنے سے قاصر ہیں یا دیر ہونے والی ہے تو ہمیں مطلع کریں۔

اگر آپ کی بیماری یا کمزوری آپ کو گھر جانے پر مجبور کرتی ہے تو آپ کو گھر جانے کی درخواست کرنے کا حق ہے۔

- یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ گھر کے دورے کی درخواست نہ کریں جب تک کہ یہ سختی سے طبی طور پر ضروری نہ ہو۔ (براہ کرم نوٹ کریں کہ آپ کے ڈاکٹر کو گھر کا دورہ کرنے کے بارے میں حتمی فیصلہ کرنے کا حق اور ذمہ داری دونوں حاصل ہیں.

کسی مریض کی سرجری میں عملے یا دیگر لوگوں کے ساتھ پرتشدد یا دھمکی آمیز بدسلوکی کی صورت میں، ہم پولیس کو کال کرسکتے ہیں، اور ہم ہیلتھ بورڈ سے آپ کو ہماری فہرست سے ہٹانے کے لئے کہہ سکتے ہیں. شہر میں ایک خصوصی جی پی پریکٹس ہے جس میں پرتشدد مریضوں کو ریفر کیا جائے گا۔

## معلومات کا اشتراک

یہ پریکٹس ڈیٹا پروٹیکشن اور میڈیکل ریکارڈ تک رسائی کے قانون کی تعمیل کرتی ہے۔ آپ کے بارے میں قابل شناخت معلومات کاغذ اور کمپیوٹر دونوں پر برقرار رکھی جائے گی، اور مندرجہ ذیل حالات میں دوسروں کے ساتھ اشتراک کیا جائے گا:

- مثال کے طور پر، آپ کے لئے مزید طبی علاج فراہم کرنے کے لئے، ضلع نرسوں اور اسپتال کی خدمات سے.
- آپ کو دیگر خدمات حاصل کرنے میں مدد کرنے کے لئے، جیسے سوشل ورک ڈپارٹمنٹ سے. اس کے لئے آپ کی رضامندی کی ضرورت ہے

- مثال کے طور پر، بچوں کے تحفظ کے معاملات میں۔

ہیلتھ بورڈ اور حکومت کو خدمات کی منصوبہ بندی میں مدد کے لئے مقامی اور قومی سطح پر بھی مریضوں کی معلومات کا استعمال کیا جائے گا۔ اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کے بارے میں بے نام معلومات کو اس طرح استعمال کیا جائے تو، براہ مہربانی ہمیں بتائیں۔

## معلومات کی آزادی

یکم جنوری 2005ء سے عوام کو یہ جاننے کا حق حاصل ہے کہ خدمات کس طرح منظم اور چلائی جاتی ہیں۔ قانون کے مطابق پریکٹس کو عوام کے کسی بھی رکن کو جواب دینا ہوتا ہے جو پریکٹس کے اندر ریکارڈ شدہ (غیر مریض) معلومات کے بارے میں تفصیلات کی درخواست کرتا ہے۔ تفصیلات کے لئے براہ مہربانی ہیتھر رے، پریکٹس مینیجر سے رابطہ کریں۔